پریس ریلیز

جنرل ہسپتال ایمرجنسی میں مریضوں کے مسائل حل کیلئے فون نمبر متعارف: پروفیسر الفرید ظفر

فون 24 گھنٹے آن ، شہریوں کو بلا تعطل علاج کی فراہمی اولین ذمہ داری ہے

تینوں شفٹوں کے ڈی ایم ایس خود کال سننے کے پابند ، ذاتی طور پر مانیٹرنگ کرینگے

جدید ٹیکنالوجی کو استعمال میں لاتے ہوئے عوام کی بہتر سے بہتر خدمت کو یقینی بنایا جائے

شہری ضروری کال کریں، ٹیکسٹ کی اجازت نہیں ہوگی : پرنسپل پی جی ایم آئی

ایل جی ایچ کو مثالی بنانے کیلئے انتظامیہ اور سٹاف ایک صفحہ پر متحد : ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم

علاج معالجے کا معیار مزید بلند ہوگا، مریضوں کی مشکلات میں کمی اور ہسپتال کی کارکردگی میں بھی مزید اضافہ ہوگا

لاہور 18 جنوری:۔۔۔ پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے مریض دوست اقدام اٹھاتے ہوئے لاہور جنرل ہسپتال شعبہ ایمرجنسی میں آنے والے مریضوں کے بروقت علاج معالجے اور اُن کی شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنانے کیلئے موبائل فون نمبر 0337-7803307 متعارف کروا دیا ہے جو 24 گھنٹے ورکنگ میں ہوگا۔انہوں نے کہا کہ عوام راؤنڈ دی کلاک 042-99268817 پر بھی رابطہ کر سکتے ہیں جبکہ تینوں شفٹوں کے ڈی ایم ایس صاحبان آنے والی ہر کال ذاتی طور پر سننے کے پابند ہوں گے اور مریض کی جانب سے اٹھائے جانے والے مسئلے کے لئے اقدامات کریں گے تاکہ ناگہانی صورتحال میں مبتلا شہری کو فوری ریلیف حاصل ہو سکے۔

اس امر کا اعلان پرنسپل پروفیسر الفرید ظفر نے ایل جی ایچ میں ایمرجنسی کے مختلف شعبوں کے دورے کے موقع پر مریضوں و لواحقین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر خالد بن اسلم، فوکل پرسن ڈاکٹر لیلیٰ شفیق، ڈاکٹر نادیہ ارشد، ڈاکٹر جعفر شاہ، ڈاکٹر عبدالعزیز، انور سلطان و دیگر انتظامی ڈاکٹرز موجود تھے۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ تینوں شفٹوں کے انتظامی ڈاکٹرز کی کارکردگی کو ذاتی طور پر مانیٹر کریں گے کیونکہ شہریوں کو بلاتعطل علاج معالجے کی سہولیات کی فراہمی ہسپتالوں کی اولین ذمہ داری ہے اور وہ بطور ادارے کے سربراہ ایل جی ایچ میں اس فرض کو پورا کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔

پرنسپل پی جی ایم آئی نے ایم ایس جنرل ہسپتال کو ہدایت کی کہ مذکورہ ٹیلی فون نمبرز کو ہسپتال کے مختلف جگہوں پر نمایاں طور پر آویزاں کیا جائے تاکہ لوگوں کو اس بارے میں مکمل آگاہی حاصل ہو سکے۔پروفیسر الفرید ظفر کا مزید کہنا تھا کہ ایمرجنسی میں شکایات کے ازالے کیلئے موبائل فون نمبر متعارف کروانے سے علاج معالجے کا معیار مزید بلند ہوگا، مریضوں کی مشکلات میں کمی آئے گی اور ہسپتال کی کارکردگی میں بھی مزید اضافہ ہوگا۔انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ مذکورہ نمبر پر ضروری کال کریں جبکہ ٹیکسٹ کی اجازت نہیں ہوگی۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہسپتالوں کو دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کے شفاخانوں کے طرز پر استوار کیا جائے اور جدید ٹیکنالوجی کو استعمال میں لاتے ہوئے عوام کی بہتر سے بہتر خدمت کو یقینی بنایا جائے۔پروفیسر الفرید ظفر نے کہا کہ ڈیوٹی ڈی ایم ایس چارج چھوڑنے سے پہلے موصول ہونے والی کالز سے متعلق ایم ایس کو آگاہ کرے گا اور اگر کسی شہری کی کال سننے میں تاخیر ہوئی تو ڈیوٹی ڈی ایم ایس جوابدہ ہوگا۔

☆☆☆☆